تعارف وتبصرۂ کتب

خلائی تسخیر اور قرآن کریم

مؤلف ابو مسعود نقشبندی - صفحات ۲۴۸ - قیمت چار روپے۔
ناشر :- ادارۂ فروغِ اسلام ۔شجاع آباد۔

دین کے بارہ میں سطحی علم رکھنے والے حضرات اور معاندین اس مغالطہ میں رہتے ہیں کہ اسلام اور سائنس باہم متضاد ہیں۔ اور عصر حاضر کی سائنسی ترقیات اور اسلامی معتقدات میں کوئی جوڑ نہیں۔ فاضل مؤلف نے اپنی کتاب میں تفصیل وتحقیق سے ان غلط فہمیوں کا ازالہ کیا ہے اور ثابت کیا ہے کہ سائنس کا ہر کمال عملی تحریک کا آئینہ دار اور اسلام کے اکثر دعاوی اور معتقدات کا مؤید ہے۔ اسلام اور حقیقی سائنس میں کوئی تصادم نہیں۔ پھر اس سلسلہ میں خاص مسئلہ خلائی تسخیر پر بھی قرآن وسنت کی روشنی میں سیر حاصل گفتگو کی گئی ہے۔ کتاب بے حد شگفتہ دلچسپ اور بیشمار فوائد ولطائف پر مشتمل ہے۔ آغاز کتاب کے ضمنی مباحث میں مسئلہ ذلت یہود پر بھی مفید گفتگو کی گئی ہے۔

مرقع یوسفی

از محمد ایوب صاحب قادری ایم اے ۔صفحات ۲۴۸ ۔قیمت دو روپے (کاغذ نیوز)
مکتبہ معاویہ بی ون ایریا $\frac{۱۱}{۱۶}$ لیاقت آباد کراچی ۱۹

حضرت مولانا محمد یوسف دہلوی مرحوم اسلام کے بلند حوصلہ دعاۃ اور خدام میں سے تھے جن کے سنہری کارنامے صفحۂ تاریخ پر ثبت رہیں گے۔ ان کے اقوال وافعال اور اعمال وکردار میں ہدایت ورشاد کے صد ہزار پہلو نہاں ہیں۔ "مرقع یوسفی" جناب محمد ایوب صاحب قادری کا مرتب کردہ حضرت مولانا کے احوال وسوانح اور بعض تقاریر ومکتوبات کا مجموعہ ہے۔ جناب مؤلف کے تحقیقی قلم نے آغاز کتاب میں حضرت کی سوانح پر سیر حاصل بحث کی ہے۔ دعوت وتبلیغ سے دلچسپی رکھنے والے حضرات اور عام مسلمانوں کے لئے حضرت مرحوم کے احوال ومواعظ کا مطالعہ کامیابی دارین اور سعادت آخرت کا موجب ہے۔ جناب محمد ایوب صاحب اگر حضرت مولانا کی سوانح پر بھی اتنی محنت فرما لیتے جو انہوں نے مولانا محمد احسن نانوتوی مرحوم کی سوانح پر کی تھی تو حضرت پر ایک مفید تحقیقی کام ہوتا۔

زبدۃ الاصول

مؤلف مولانا حمید اللہ بن مولانا نیاز محمد صاحب ۔ صفحات ۴۷ ۔
ناشر :- شعبۂ تصنیف دار العلوم اسلامیہ لکی مروت (بنوں)

پیش نظر کتابچہ اصول فقہ میں مولانا حمید اللہ صاحب کی مختصر مگر جامع تالیف ہے۔ بڑی عرقریزی سے